© rasailojaraid.com

اخبار الجامعہ

انسٹیٹیوٹ اف بنوں مڈیسن اینڈ ریڈیوتھراپی کا سنگ بنیاد: ۱۲ مارچ ۲۰۰۶ء منگل کو پاکستان اٹامک انرجی کمیشن اسلام آباد کے تحت بنوں میں انسٹیٹیوٹ اف بنوں میڈیسن اینڈ ریڈیوتھراپی کا سنگ بنیاد کا تقریب منعقد ہوا۔ جس میں اکرام خان درانی وزیر اعلیٰ سرحد ممبر قومی اسمبلی مولانا سید نصیب علی شاہ اور اٹامک انرجی کمیشن کے ڈاکٹر کوثر عبداللہ اور دیگر سرکاری افسران نے شرکت کی اور سنگ بنیاد رکھدیا۔ اکرام خان درانی، مولانا سید نصیب علی شاہ اور اعظم خان درانی ضلعی ناظم نے مشترکہ طور پر اپنے ہاتھوں سے بنیاد کی کودائی کا کام شروع کیا۔ پاکستان میں کینسر کے علاج کے لئے یہ ۱۵واں بڑا ہسپتال اور تحقیقی سنٹر ہوگا اور پورے ملک کے کینسر ہسپتالوں کی نسبت سب سے زیادہ جدید آلات نصب ہوں گے۔ اس ہسپتال میں ۸۰ فیصد علاج مفت کرایا جائے گا۔ اہلیان بنوں نے اس سلسلے میں اکرم خان درانی وزیر اعلیٰ صاحب اور مولانا سید نصیب علی شاہ کے ان تھک جدوجہد کا شکریہ ادا کیا۔

المرکز پبلک ہائی سکول کے سالانہ نتائج کا اعلان: یکم اپریل ۲۰۰۶ء کو المرکز پبلک ہائی سکول کے سالانہ نتائج کا اعلان کیا گیا۔ المرکز پبلک ہائی سکول کا شمار جامعہ کے اہم. شعبہ جات میں ہوتا ہے۔ یہ سکول علاقہ بھر کے طلبہ کے لئے دینی وعصری علوم پر مبنی پروگرام رکھتا ہے۔ میٹرک لیول پر اب دو سالوں سے سائنس مضامین کا بھی اجراء ہو چکا امسال بھی نتائج حوصلہ افزا رہے اور شرح (۸۰%) اسی فیصد رہی۔

اسلامی ترقیات: ۲۶ اپریل ۲۰۰۶ء جامعہ المرکز الاسلامی اور اس کے صدر نشین مولانا سید نصیب علی شاہ صاحب کی اسلامی علوم وفنون کی نشر واشاعت کے لئے مساعی جاری وساری ہیں۔ اس سلسلے میں کوٹکہ غلام قادر علاقہ داؤد شاہ بنوں میں حفظ القرآن الکریم کے ایک اور سنٹر کا باقاعدہ افتتاح ہوا۔ اس موقع اہل علاقہ کے مشران اور عوام الناس کی قابل ذکر تعداد نے شرکت کی۔ مشران اور عوام الناس نے حضرت مہتمم صاحب کی مساعی کو سراہا اور ان کی قیادت پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا۔

جلسہ دستار بندی وتقسیم اسناد: جامعہ اپنی روایات کے مطابق خدمتِ قرآن جاری رکھے ہوئے ہے۔ علاقہ فاطمہ خیل بنوں میں بھی جامعہ کی طرف سے مرکز سیدنا حضرت بلال حبشیؓ کے نام سے درس قرآن سنٹر قائم ہے۔ گذشتہ دنوں بمورخہ: ۱۳،۰۵،۲۰۰۶ اس مرکز سے حفظ القرآن مکمل کرنے والے ۹ عدد طلبہ کی ستار بندی اور تقسیم اسناد کا پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ اہلیان علاقہ نے جامعہ کی خدمات پر دلی اطمینان کا اظہار کیا۔

وفاق المدارس داخلے: وفاق المدارس العربیہ پاکستان ملتان نے داخلہ فارم برائے آمدہ سالانہ امتحان وصول کرنے شروع کیے ہیں اس سلسلے میں المرکز الاسلامی پاکستان بنوں کے جملہ درجات کے داخلہ فارم بھی مکمل کر کے بھیج دیئے گئے۔

جلسہ تقسیم انعامات المرکز سکول: گذشتہ دنوں ۱۴ مئی ۲۰۰۶ء کو المرکز پبلک ہائی سکول کے نمایاں کارکردگی کا مظاہر کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ اس سلسلے میں ایک پروقار تقریب ہوئی جس میں طلبہ کے علاوہ معززین علاقہ نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی۔ حضرت مہتمم صاحب نے بھی پروگرام میں مصروفیات کے باوجود شرکت کی خود کو طلبہ کی تقریب میں پا کر خوش رہے۔ طلبہ کی صلاحیتوں کا مظاہرہ دیکھ کر اطمینان کا اظہار کیا۔

© rasailojaraid.com